Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۶ (۲۶) مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۳۰ شعبان ۱۳۵۳ھ مطابق ۸ دسمبر سنہ ۱۹۳۴ع

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

انتظام سلسلہ روانگی (بمقام لکھنؤ) اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم	۲
عطائے رقم (مبلغ پچاس روپیہ) برائے امداد "پبلک لائبریری رامپور"	۳
منظوری رخصت محمد علی خاں۔ محرر اے بلاک۔ خاصباغ)	//
منظوری رخصت صاحب کنٹرولر بہادر ہاؤس ہولڈ۔	۲و۳
تقرر منشی امداد علی بعہدہ "ہیڈ اسسٹنٹ" اجلاس ہمایوں۔	۱۰

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں اعلیٰحضرت بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم

روبکار:- مورخہ ۲ر دسمبر ۱۹۳۲ء

منجانب حضور عالی دام اقبالہم وملکہم

انشاء اللہ تعالیٰ ما بدولت واقبال ۵ر دسمبر ۱۹۳۲ء کی صبح کو تشریف فرمائے لکھنؤ ہوں گے۔ تاریخ مذکور کی شب میں مراجعت ہوگی۔

صاحب چیف منسٹر بہادر وصاحب جوڈیشل منسٹر بہادر آج شب کو لکھنؤ ہونگے اور صاحب منسٹر بہادر انچارج سررشتہ تعلیم و پولیس و صاحب ملٹری سکریٹری بہادر بھی ہمرکاب جائیں گے

بزمانہ غیر موجودگی ما بدولت واقبال حسب ذیل انتظام منظور کیا جاتا ہے۔

(۱) صاحب ریونیو منسٹر بہادر کو اختیار دیا جاتا ہے کہ اجلاس ہمایوں کے وہ کاغذات جنہیں کوئی خاص اہمیت نہ ہو "بائی آرڈر" لکھکر اپنے دستخط سے جاری کریں۔

(۲) صاحب چیف منسٹر بہادر کا کام علاوہ اپنے کام کے صاحب ریونیو منسٹر بہادر وصاحب جوڈیشل منسٹر بہادر اور صاحب منسٹر بہادر انچارج سررشتہ تعلیم و پولیس کا کام علاوہ اپنے کام کے صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر اور صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کا کام علاوہ اپنے کام کے سردار صاحب بہادر ڈیوڑھی انجام دیں گے۔

(۳) صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر شبانہ روز قلعہ میں رہیں گے اور جملہ امور متعلقہ محلات کا انتظام صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر کے سپرد رہے گا۔

(۴) ہماری غیر موجودگی میں اگر کوئی خاص واقعہ پیش آئے تو جملہ منسٹر صاحبان بہادر موجودہ رامپور باہم مشورہ کر کے طے کریں۔ جو امر بعد مشورہ طے ہو اس کی تعمیل مثل حکم ما بدولت واقبال کے متصور ہوگی۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو ایک نقل درج گزٹ ہو۔

بشتابے حسب حکم ہمایوں سررشتہ صد

احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور درج

[illegible]

۲ر دسمبر ۱۹۳۲ء

حکم :-
(مورخہ ۲ر دسمبر ۱۹۳۳ء)

(دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم)

بموجب رپورٹ مبلغ پچاس روپیہ ماہوار کی امداد پبلک لائبریری رامپور کو بحساب انعام و عنایات سی ولائیج تا پرورشاً منظور ہے۔ کاغذات برائے کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

(دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم)

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض — میر سامانہ

جہاں پناہ!

علم دوست رعایائے رامپور نے حال میں ایک کتب خانہ رامپور کے روشن طبائع لوگوں کے لئے قائم کیا ہے۔ اس کتب خانہ کی کوئی مستقل آمدنی نہیں ہے۔ اور چونکہ اس کا زمانہ طفولیت ہے۔ اس وجہ سے شاہی پرورش کے بغیر اس کی زندگی قائم نہیں رہ سکتی۔

ممبران کتب خانہ نے استدعا پیش کی ہے۔ جو ذریعہ عرضداشت ابلاغ حضور انور ہے

خیرخواہ مستدعی ہے کہ از راہ پرورش و علم نوازی پچاس روپیہ ماہوار کتب خانہ کی امداد کے لئے بحساب انعام عنایات سے مقرر فرما دیئے جائیں۔ زیادہ حد ادب

دولت و اقبال برترقی باد۔

عرض

خیرخواہ دستخط فارم صاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ ۲ر دسمبر ۱۹۳۳ء

بمنشائے حکم ہمایوں سر رشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

۲ر دسمبر ۱۹۳۳ء — دستخط فارم صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم :-
(مورخہ ۲ر دسمبر ۱۹۳۳ء)

مزید عرضداشت فارم صاحب چیف منسٹر بہادر مع تحریر صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر درباب استدعائے منظوری رخصت مزید رعایتی دو ماہ بصورت خاص مدد علی خاں منصرم اے، بلاک خاص باغ ۲۵ر نومبر ۱۹۳۳ء تا ۲۴ر جنوری ۱۹۳۴ء بسلسلۂ سابقہ بوجہ بنائے علالت تاسپردہ۔

حکم

بموجب رپورٹ مدد علیخاں منصرم اے بلاک کی مزید رخصت دو ماہ رعایتی بصورت خاص بوجہ بنائے علالت منظور ہے۔ کاغذات برائے اجرائے احکام ضابطہ از سر رشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

بمنشائے حکم ہمایوں سر رشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۲ر دسمبر ۱۹۳۳ء

دستخط فارم صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم :-
(مورخہ ۲ر دسمبر ۱۹۳۳ء)

مزید عرضداشت فارم صاحب چیف منسٹر بہادر مع تحریر صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر درباب استدعائے منظوری رخصت اتفاقیہ ۱۴ یوم مطلوبہ صاحب کمشنر ولر بہادر ہاؤس ہولڈ از یوم استفادہ بغرض روانگی وطن خود

میں صراحت کہ اون کا کام سردار صاحب بہادر
ڈیوڑھی اپنے کام کے علاوہ انجام دیں گے

حکم

بموجب رپورٹ صاحب کمشنر بہادر بادوس مولوی
کی رخصت اتفاقیہ پانچ یوم از یوم ۱ستمبر منظور ہو۔
ایام رخصت میں اون کا کام سردار صاحب بہادر
ڈیوڑھی اپنے کام کے علاوہ انجام دیں کاغذات
برائے اجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس
مرسل ہوں

دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

بتعمیل حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

۴ ردسمبر ۱۹۳۳ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم

واقع ۴ ردسمبر ۱۹۳۳ء

بموجب رپورٹ منشی سید امداد علی کا تقرر بعہدہ
ہیڈ اسسٹنٹ اجلاس ہمایوں بشاہرہ مبلغ پچاس روپے معہ
عطائے حقوق عہدہ ہیڈ اسسٹنٹ منظور ہے۔
کاغذات برائے کارروائی اجرائے احکام ضابطہ
از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو

دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

اعلیحضرت شاہ خسرو ترکو در دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض — بیرسالہ

جہانپناہ سلامت!

پیشگاہ ہمایوں سے منشی سید امداد علی سابق ڈپٹی سکریٹری
اجلاس ہمایوں کا قصہ معاف ہوکر عطائے ملازمت کی
اجازت صادر فرمائی جاچکی ہے اور ایمائے
ہمایوں ہے کہ اون کو اجلاس ہمایوں میں بتنخواہ
پچاس روپیہ ماہوار ہیڈ اسسٹنٹ مقرر کردیا جائے
عرضداشت حضور انور میں پیش ہے۔
تنخواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ عالی سے حکم منظوری
تقرر و عطائے حقوق عہدہ ہیڈ اسسٹنٹی کو صادر
فرمائے زیادہ حد ادب
آفتاب دولت و اقبال تابان باد

تنخواہ دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ ۳ ردسمبر

بتعمیل حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ
جاری ہوں۔

۶ ردسمبر ۱۹۳۳ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر